گیا ہے۔ ایک باب ''علامات' ایک نظر میں'' تمام علامتوں کو جمع کیا گیا ہے اور مثالوں سے وضاحت کی گئی ہے تاکہ سمجھنے میں آسانی رہے۔ مزید برآں ان الفاظ کی فہرست کے ساتھ (جو بار بار دہرائے جاتے ہیں) آخر میں ان الفاظ کی فہرست بھی دی گئی ہے جن کا مادہ معلوم کرنے میں عموماً غلطی ہوجاتی ہے۔

خوب صورت سرورق اور سفید کاغذ پر مجموعی طور پر پیش کش عمدہ ہے' تاہم پروف ریڈنگ مزید توجہ چاہتی ہے۔ پیرا بنانے کا اہتمام نہیں کیا گیا۔ فونٹ کا استعمال بھی یکساں نہیں۔ قطع نظر اس پہلو کے فہم قرآن کے حوالے سے یہ منفرد کاوش نہایت قابلِ قدر ہے۔ (امجد عباسی)

۱- Taking The Qur'an As a Guide' صفحات: ۹۷۔

۲- Some Secrets of the Qur'an' صفحات: ۱۵۱۔

۳- Miracles of the Qur'an' صفحات: ۱۰۰۔

۴- Signs of the Last Day' صفحات: ۱۳۶۔

۵- Why Darwinism is Incompatible with The Qur'an'

صفحات: ۱۳۶۔ مصنف: ہارون یحییٰ۔ ناشر: گلوبل پبلشنگ' استنبول' ترکی۔ ملنے کا پتا: پیراڈائز بک سنٹر' پی او بکس ۱۴۷۷' صدر' کراچی۔ قیمتیں: درج نہیں۔

نظر کو اپنی گرفت میں لے لینی والی یہ انتہائی دل کش اور خوب صورت پانچ کتابیں ۴۸ سالہ ترک مصنف ہارون یحییٰ (یہ قلمی نام ہے) کی بے شمار کتابوں میں سے چند ہیں جو دنیا کی ۱۵ سے زائد زبانوں (روسی' ترکی' فرانسیسی' جرمن' اُردو' عربی' انڈونیشی' اسپینی' اُردو وغیرہ) میں قبول عام حاصل کر رہی ہیں۔ اشاعت کتب کا آغاز ۱۹۸۰ء میں ہوا اور سلیقے اور جذبے سے کام کی بدولت سائنس کے حوالے سے قرآن فہمی کی بنیاد پر تجدید ایمان اور شک و ریب دور کرنے کی یہ دعوت آج بھارت سے امریکہ' انگلینڈ سے انڈونیشیا' پولینڈ سے بوسنیا اور اسپین سے برازیل تک' ہر جگہ پھیل رہی ہے۔ آڈیو ویڈیو کیسٹ اور سی ڈی بھی دستیاب ہیں اور ویب سائٹ (www.harunyahya.com) پر بھی جایا جاسکتا ہے۔